امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۹

إنَّ اور أنَّ پڑھنے کے مقامات

إنَّ اورأنَّ کے مختلف مقامات ہیں، کہیں إنَّ اور کہیں أنَّ پڑھاجاتاہے۔

مندرجہ ذیل مقامات پر إنَّ (بکسرالھمزۃ) پڑھاجائے گا :

(۱)جملے کے شروع میں: [إنَّ الَّذِينَ آمَنُوا]۔(التوبة : ١٨) بےشک جولوگ ایمان لائے۔

(۲)اسم موصول کے بعد: جاءني الَّذي إنّ أباہ عالم۔

(۳)مادہ قول کے بعد؛[قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ]۔(البقرة: ٦٨) انہوں نے کہاکہ ایسی گائے چاہیئے جونہ بوڑھی ہونہ بچہ۔

(۴)قسم کے بعد:[وَالْعَصْرِ *إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ]۔ (العصر : ١ و ٢)قسم ہے عصر کی, بےشک انسان خسارہ میں ہے۔

(۵)جسکی خبرمیں لام ہو:[وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ]۔(المنافقون : ١) بےشک آپ اللہ کے رسول(ص) ہیں اوراللہ جانتاہے کہ یقیناً آپ اس کے رسول(ص)ہیں۔

(۶)ثُمَّ کے بعد:[ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ]۔(القيامة : ١٩) پھراس کاواضح کرنا بھی ہمارے ذمہ ہے۔

(۷)کلّا کے بعد:[كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ]۔(المطفّفين : ١٥) ہر گز(ایسانہیں کہ جزاوسزانہ ہو)یہ لوگ اس دن اپنے پروردگار(کی رحمت سے)(محجوب اور محروم)رہیں گے۔

(۸)امر کے بعد:[ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ]۔(الدخان:٤٩) (اس سے کہاجائے گا)چکھتاجاتوبڑاصاحب عزت اور بڑے اکرام والاتھا۔

(۹)نہی کے بعد:[لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا]۔(التوبة : ٤٠) غمگین نہ ہویقیناًاللہ ہمارے ساتھ ہے۔

(۱۰)دعاکے بعد:[رَّبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ]۔(ابراهيم : ٣٧)

اے ہمارے پروردگارمیں نے اپنی کچھ اولادکو تیرے محترم گھرکے پاس بنجر میدان میں آبادکیاہے۔

(۱۱) نداکے بعد:[يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ]۔(هود : ٨١) اے لوط(ع)ہم آپ کے پروردگارکے بھیجے ہوئے(فرشتے)ہیں۔

مندرجہ ذیل مقامات پر اَنَّ (بالفتح) پڑھا جائے گا :

(۱) اس سے پہلے فعل ہو۔ بَلَغَنی أنَّ زَیْداً ذاھِبٌ

(۲) اس سے پہلے اسم ہو۔ حَقٌّ أنَّ زَیْداً قائمٌ

(۳) اس سے پہلے ظرف ہو۔ عِنْدي أنَّك قائمٌ

ImamSadiq.tv